NYC Department of Health and Mental Hygiene | Department of Education

504 سہولیات: طلبا اور خاندان کے لیے رہنمائی کتابچہ

بحالی ایکٹ کا جز 504 پبلک اسکولوں سے معذوری کے حامل اہل طلبا کو خدمات اور سہولیات پیش کرنے کا مطالبہ کرتا ہے۔ یہ خدمات صحت کی خاص ضروریات کے حامل طلبا کو اسکول میں مکمل طور پر حصہ لینے میں مدد دیتی ہیں۔ یہ رہنما کتابچہ یہ وضاحت کرتا ہے کہ کون سہولیات کا اہل ہے، درخواست کیسے دیں، اور سہولیات کے منصوبے کس طرح تشکیل دیے جاتے ہیں۔

جز 504 کے بارے میں محکمئہ تعلیم (DOE) کی ویب سائٹ پر مزید جانیں۔ آپ اپنے اسکول کے 504 رابطہ کار سے رابطہ کرکے بھی مزید معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔

کونسے طلبا 504 سہولیات کے لیے اہل قرار دیے جاتے ہیں؟

طلبا اہل قرار دیے جاتے ہیں اگر:

1. وہ کسی جسمانی یا ذہنی کمزوری کے حامل ہیں، اور انکا ایک IEP نہیں ہے۔
2. یہ کمزوری زندگی کی کم از کم ایک بڑی سرگرمی کو معقول حد تک محدود کرتی ہے۔

1. جسمانی یا ذہنی کمزوریاں

جسمانی یا ذہنی کمزوریوں کی چند مثالیں جسمانی معذوریاں، صحتیاتی صورتِ حال، ذہنی بیماریاں، اور آموزشی معذوریاں۔

- **کم مدتی معذوری جیسے** (ٹانگ ٹوٹنا) ایک طالب علم کو 504 سہولیات کے لیے اہل بنا سکتی ہیں۔ یہ معذوری کی نوعیت پر منحصر ہے، یہ کتنی دیر رہتی ہے اور کتنی سنگین ہے۔
- **واقعاتی معذوری** (جیسے دمہ) ایک طالب علم کو 504 سہولیات کے لیے اہل بنا سکتی ہیں۔ طلبا اہل ہوسکتے ہیں اگر ایک معذوری زندگی کی ایک بڑی سرگرمی کو معقول حد تک محدود کرتی ہے جب یہ فعال ہوتی ہے۔

2. زندگی کی بڑی سرگرمیوں کی مثالیں

- توجہ مرکوز کرنا
- سوچنا
- بات چیت کرنا
- سیکھنا
- کام کرنا
- ایک ہاتھ سے کام کرنا
- کھانا
- سونا
- کھڑے ہونا
- وزن اٹھانا
- جھکنا
- مطالعہ
- اپنی دیکھ بھال کرنا
- چلنا
- دیکھنا
- سننا
- بولنا
- سانس لینا

کیا آپکے بچے کو کوئی ایسی معذوری ہے جو مذکورہ بالا زندگی کی سرگرمیوں کو انجام دینے سے روکتی ہے؟ اگر ایسا ہے، آپ کا بچہ جز 504 کے تحت سہولیات کا اہل ہوسکتا ہے۔ ایکبار درست فارم اسکول میں جمع ہوجانے کے بعد، ہر طالب علم کے کیس کا انفرادی جائزہ لیا جاتا ہے۔

جز 504 کے تحت اہل طلبا کو کونسی سہولیات دستیاب ہیں؟

آپکا بچہ صحت سے متعلقہ خدمات، تعلیم سہولیات، یا دونوں کا اہل ہوسکتا ہے۔

- **صحت سے متعلقہ خدمات** ان طلبا کے لیے ہیں جنہیں دوا لینے کی ضرورت ہے (جیسے انسولین) یا اسکول میں کوئی خاص نرسنگ علاج درکار ہے۔ ان خدمات کے لیے متعلقہ دوائیاں دینے کا فارم (MAF) یا طبی طور پر تجویز کردہ علاج کا فارم اپنے بچے کے اسکول میں جمع کروائیں۔
- **تعلیمی سہولیات** ان طلبا کے لیے ہیں جنہیں عمارت، کلاس روم یا امتحان کی سہولیات درکار ہیں۔ مثلاً، طلبا جنہیں سننے میں دشواری ہے انہیں بلیک بورڈ کے نزدیک بٹھائے جانے کی ضرورت ہوسکتی ہے۔ دیگر طلبا کو امتحان میں وقفے یا اضافی وقت درکار ہوسکتا ہے۔ ان سہولیات کے لیے، براہِ مہربانی اپنے اسکول کے 504 رابطہ کار کے پاس جز 504 سہولیات، طبی جائزہ برائے 504 سہولیات اور HIPAA فارم جمع کروائیں۔

میں سہولیات کی درخواست کس طرح کروں؟

ایک ، طبی طور پر تجویز کردہ علاج کا فارم اور / یا جز 504 سہولیات کی گزارش کا فارم مکمل کریں۔ تمام فارمز DOE کی ویب سائٹ پر اسکول صحت فارمز صفحے پر موجود ہیں۔ آپ اپنے اسکول کے 504 رابطہ کار سے بھی فارمز کی گزارش کرسکتے ہیں۔

مکمل کردہ فارمز اپنے اسکول کے 504 رابطہ کار کو واپس کردیں۔ تمام دوا یا طبی علاج کے فارمز عمارت میں اسکول نرس / طبی پیشہ ور کے پاس جائیں گے۔ تعلیمی سہولیات کے لیے، 504 رابطہ کار آپکی ابتدائی درخواست کے 30 دنوں کے اندر آپ سے ایک ملاقات طے کرنے کے لیے رابطہ کرے گا۔ اس ملاقات میں، اسکول کی 504 ٹیم آپکی درخواست اور آپکے بچے سے متعلقہ دیگر معلومات کا جائزہ لے گی۔ 504 ٹیم یہ فیصلہ کرے گی کہ آیا آپکا بچہ سہولیات کا اہل ہے۔ وہ یہ بھی فیصلہ کریں گے کہ کونسی سہولیات موزوں ترین ہیں۔

504 تعلیمی سہولیات کے اجلاس میں کون جاتا ہے؟

504 کے اجلاس میں وہ افراد شرکت کرتے ہیں جو آپکے بچے کی صلاحیتوں کے بارے میں جانتے ہیں۔ وہ جائزہ لی جانے والی معلومات کو سجمھتے ہیں اور ان سہولیات کی نوعیت کے بارے میں جانتے ہیں جو آپکے بچے کی ضروریات کی تکمیل کرتی ہیں۔ والدین کو اجلاس میں شرکت کے لیے ہمیشہ مدعو کیا جاتا ہے۔

504 اجلاس میں کم از کم ایسے دو افراد شامل ہونے چاہییں جو:

- آپکے بچے کی اہلیتوں اور صلاحیتوں کے بارے میں بات کرسکیں۔ (آپکے بچے کا استاد یا رہنما مشیر شرکت کرسکتے ہیں)
- رپورٹ یا تشخیصات کی وضاحت کرسکتے ہوں۔ (اسکول کا سماجی کارکن یا نرس شرکت کرسکتے ہیں۔)
- ان سہولیات کے بارے میں معلومات بانٹ سکتے ہیں جو آپکے بچے کی ضروریات کی تکمیل کرسکتی ہیں۔ (504 رابطہ کار شرکت کرسکتا ہے)

اجلاس میں کن معلومات کا جائزہ لیا جاتا ہے؟

504 ٹیم ان معلومات کا جائزہ لے گی جو آپکے بچے کی اہلیتوں اور ضروریات کو بیان کرتی ہیں۔ یہ معلومات چند مختلف ذرائع سے موصول ہوگی۔ ٹیم آپکے بچے کے امتحانات، مشاہدات، کام کے نمونے، رپورٹ کارڈز، اور طبی ریکارڈز کا جائزہ لے سکتی ہے۔ یہ ٹیم کو آپکے بچے کی اہلیتوں، کامیابیوں، طرزِ عمل، اور صحتیاتی ضروریات کے بارے میں سمجھنے میں مدد دے گا۔ والدین اور اسکول کا عملہ کوئی بھی معلومات لاسکتے ہیں جو انکے خیال میں بچے کی اہلیتوں اور ضروریات کی بہتر ترجمانی کرتی ہے۔

آپکے بچے کے ڈاکٹر کی جانب سے تشخیص اور تجاویز

آپکے ڈاکٹر کو 504 سہولیات کے لیے طبی جائزہ مکمل کرنا لازمی ہے۔ ڈاکٹر یہ تجویز کرسکتا ہے کہ اسکول کچھ سہولیات فراہم کرے۔ 504 ٹیم یہ فیصلہ کرے گی کہ آیا سہولیات مناسب ہیں، اور انہیں اسکول میں کس طرح فراہم کیا جائے۔

اہلیت کا تعین کیسے کیا جاتا ہے؟

504 ٹیم اس پر غور کرے گی کہ آیا آپکے بچے کی معذوری زندگی کی بڑی سرگرمی کو معقول حد تک محدود کرتی ہے۔ وہ یہ فیصلہ اجلاس میں جائزہ لی گئی معلومات کی بنیاد پر کریں گے۔ 504 ٹیم زیرِغور لائے گی کہ آیا آپکے بچے کی معذوری آپکے بچے کی اسکول میں کارکردگی یا حصہ لینے پر معقول اثر ڈالتی ہے۔

کیا میرا بچہ 504 منصوبے کے ساتھ متعلقہ خدمات موصول کرسکتا ہے؟

نہیں۔ آپکا بچہ 504 منصوبے کے ذریعے متعلقہ خدمات موصول نہیں کرسکتا۔ متعلقہ خدمات کی مثالیں ہیں جسمانی علاج، گویائی معالجہ، اور مشاورتی خدمات۔ اگر آپکے بچے کو ان میں سے کوئی خدمات درکار ہیں، 504 ٹیم آپکے بچے کو اسکول یا ضلع کمیٹی برائے خاص تعلیم کا حوالہ دے گی۔

کیا میرے بچے کو صحت / طبی سہولیات کے لیے ایک 504 منصوبہ درکار ہے؟

اسکول میں صحت سے متعلقہ خدمات کے ضرورت مند تمام طلبا کو 504 منصوبہ درکار نہیں ہوتا ہے۔ اگر آپکے بچے کی صحت سے متعلقہ خدمت اسکی اسکول میں مکمل طور پر حصہ لینے پر اثر انداز نہیں ہوتی ہے، تو اسے 504 منصوبہ درکار نہیں ہے۔

- **مثال 1:** ایک ذیابطیس والا طالب علم اسکول نرس کے دفتر میں دن میں دو مرتبہ اپنی انسولین کی سطح کی جانچ کرتا ہے۔ اسے کسی دیگر معاونت یا سہولیات کی ضرورت نہیں ہے۔
  - **اس طالب علم کو 504 منصوبہ کی ضرورت نہیں ہے۔**
- **مثال 2:** ایک ذیابطیس والے طالب علم کو اسکول دن کے دوران مخصوص اوقات میں انسولین لینا درکار ہے۔ یہ کلاس کے وقت کے ساتھ متصادم ہوتا ہے، اس لئیے اسے بعض اوقات کام کی تلافی کرنی پڑتی ہے۔ اسے باتھ روم جانے کی اور اسنیکس تک رسائی کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔
  - **اس طالب علم کو 504 منصوبہ کی ضرورت ہے۔**

سہولیات کس طرح سے تشکیل دی جاتی ہیں؟

504 ٹیم یہ فیصلہ کرتی ہے کہ کونسی سہولیات اپکے بچے کی ضروریات کی بہترین تکمیل کریں گی۔ ٹیم یہ زیرغور لاتی ہے کہ آپکے بچے کی معذوری کی نوعیت کیا ہے اور یہ کتنی شدید ہے۔ وہ ایسی سہولیات کا انتخاب کریں گے جو آپکے بچے کو اسکول میں حصہ لینے کا یکساں موقع دیں۔

ایکبار جب میرا بچہ اہل قرار پا جائے، کیا میرا بچہ ہمیشہ سہولیات کا اہل رہے گا؟

نہیں۔ 504 منصوبے کی ہر سال 504 ٹیم کے ذریعے تجدید کی جانی لازمی ہے۔ ایسا عام طور پر ہر تعلیمی سال کے اختتام پر ہوتا ہے۔ سالانہ تجدید کے دوران، آپکے بچے کے 504 منصوبے کو حسبِ ضرورت تبدیل کیا جاسکتا ہے۔

اگر آپکے بچے کی بیماری اسکو اسکول میں حصہ لینے کو معقول حد تک محدود کرنا جاری رکھتی ہے تو آپکا بچہ سہولیات کا اہل رہے گا۔ اگر یہ فیصلہ کیا جاتا ہے کہ آپکے بچے کی معذوری زندگی کی بڑی سرگرمی کو اب معقول حد تک محدود نہیں کررہی ہے، آپکا بچہ سہولیات کا اہل نہیں رہے گا (504 منصوبہ ختم کردیا جاتا ہے)

میں کس نوعیت کی مراسلت موصول کرونگا؟

اسکول آپ کے ساتھ NYC DOE جز 504 پالیسیوں کے بارے میں ابلاغ کریں گے۔ تمام اسکول جز 504 کے تحت غیر امتیازیت کا نوٹس چسپاں کرتے اور بانٹتے ہیں۔

اگر 504 ٹیم یہ فیصلہ کرتی ہے کہ آپکا بچہ 504 سہولیات کا اہل ہے، آپکو موصول ہوگا:

- **اہلیت کا ایک نوٹس اور 504 منصوبہ** 504 منصوبہ یہ بیان کرے گا کہ اسکول آپکے بچے کے لیے کونسی سہولیات تجویز کرتا ہے۔ آپ کے پاس 504 منصوبے کا جائزہ لینے اور متفق ہونے کے لیے 10 دن ہونگے۔ اگر آپ اپنے اسکول سے فیصلے سے غیرمتفق ہیں، اپنے اسکول کے فیلڈ سپورٹ سینٹر ہیلتھ ڈائریکٹر سے بات کریں۔ ارابطہ معلومات اسکول کی جانب سے فراہم کی جائیں گی۔
- **مکرر منظوری کا ایک سالانہ نوٹس** یہ خط آپکو یہ بتائے گا کہ اپنے بچے کے 504 منصوبے کی اگلے تعلیمی سال کے لیے تجدید کروانے کے واسطے آپکو کیا اقدامات لینے ہونگے۔

کیا اپکے اضافی سوالات ہیں؟

- اپنے اسکول کے 504 رابطہ کار سے رابطہ کریں۔
- DOE کی ویب سائٹ پر سہولیات کے بارے میں مزید جانیئے۔